

باب 4

# حرکت میں لوگ






اس وقت کو یاد کریں جب آپ کسی بھیڑ بھاڑ والی جگہ پر تھے، جہاں لوگ مختلف وضع اور حرکات میں ادھر ادھر جا رہے تھے۔ ہر شخص کی ہیئت اور حرکت ایک مختلف کہانی سنا سکتی ہے۔

باب 1 میں نندلال بوس کی مصوری لوگوں کی مختلف ہیئتوں اور حرکتوں کو ظاہر کرتی ہیں۔

اِس باب میں آپ لوگوں کو حرکت میں دکھانے کے لیے جیومیٹری کی شکلوں کا استعمال سیکھیں گے۔







روایتی بھارتی کھلونوں سے متاثر ہو کر، آپ جیومیٹری 3D ہیئت تیار کریں گے تاکہ ایک گھومتی ہوئی گڑیا بنائی جا سکے اور اس سے کھیلنے کا لطف اٹھایا جا سکے۔

تصور کرنے، تخلیق کرنے اور مزے کرنے کے لیے تیار ہو جائیں!

© NCERT not to be republished

## سرگرمی 4.1 بصری رسالہ



رسالہ (Journal) ایک ایسی کتاب ہوتی ہے جس میں آپ اپنے خیالات اور مشاہدات لکھ سکتے ہیں یا فوری خاکے بنا سکتے ہیں۔

چند کاغذ تیار رکھیں۔

آیئے اسٹیچو کا کھیل کھیلیں۔

- ایک دوست کو کلاس کے سامنے کھڑا ہونے کے لیے کہیں۔
- ان سے روزمرہ کے کام جیسے نہانا، کھیلنا، کھانا وغیرہ کرنے کو کہیں۔
- دیکھیں کہ ان کے جسم کس طرح حرکت کرتے اور مڑتے ہیں۔
- جب آپ کوئی دل چسپ حالت دیکھیں تو کہیں ”اسٹیچو!“


ہر ہیئت کا ایک صفحے پر ایک منٹ کے اندر خاکہ بنائیں۔ اس ایک منٹ کے خاکہ کو پوری طرح سے صحیح بنانے کے بارے میں نہ سوچیں۔ اگر یہ خاکہ سرسری یا ادھورے لگیں تو کوئی بات نہیں۔

not to be republished ©

اپنا ایک منٹ کا خاکہ یہاں بنائیں

© NCERT
not to be republished

## سرگرمی 4.2 جسمانی حرکات کی خاکہ نگاری




لوگ جب چل رہے ہوں گے تو آپ لوگوں کا خاکہ کیسے بنائیں گے؟

جب آپ جسم کو غور سے دیکھیں گے تو آپ پائیں گے کہ یہ گولا کار اور بیلنا کار شکلوں سے بنا ہوا ہے۔


صفحہ پر دکھائی گئی تصویروں کو دیکھیں۔ پورے جسم کا غیر مکمل دائروں اور بیضوی اشکال کے ذریعے خاکہ بنایا گیا ہے۔

لوگوں کو غور سے دیکھیں اور ان کا خاکہ بنائیں۔

- ایسی شکلوں کا استعمال کرتے ہوئے ان کے جسم کے زاویے اور حرکات کی تصویر کشی کریں۔
- رقص میں جو حالت اور انداز آپ مشق کرتے ہیں انھیں بنائیں۔
- جتنی زیادہ حرکات آپ کر سکتے ہیں انھیں بنانے کی کوشش کریں۔









© NCERT not to be republished

## تصویریں بنانے کے لیے آپ کی جگہ

© NCERT not to be republished

## ★ سرگرمی 4.3 کھلونے جیسے لوگ

ہندوستان کے ہر علاقے میں کھلونوں کو بنانے کا ایک منفرد طریقہ ہے۔ان میں سے بہت سے کھلونے مٹی،لکڑی، کپڑے،جوٹ، کھجور کے پتوں، پیپر میشے (Paper Mache)، سیپیوں اور دھات سے بنائے جاتے ہیں۔

ان کھلونوں کے بارے میں بات کریں جن کے ساتھ آپ کھیل چکے ہیں اور ان اشیا کے بارے میں جن سے وہ بنے ہیں۔



### کیا آپ جانتے ہیں؟

کرناٹک کا چنّا پٹنا کھلونوں کے شہر کے طور پر مشہور ہے۔ یہاں رنگ برنگے لکڑی کے کھلونے بنانے کی روایت صدیوں پرانی ہے۔ ان کے ڈیزائن میں ہندسی شکلیں جیسے سلنڈر،گولے، کیوب اور کیوبائڈ اکثر نظر آتی ہیں۔



© NCERT not to be republished


ہندوستان کے مختلف حصوں سے گڑیوں کی مختلف اقسام کو دیکھیں۔

- مشاہدہ کریں اور استعمال کیے گئے مواد پر گفتگو کریں۔
- کرداروں کو پیش کیے جانے کے طریقے پر تبادلہ خیال کریں۔
- ان کہانیوں کا تصور کریں جو یہ گڑیاں پیش کرتی ہیں۔
- آپ ان کے ساتھ کیسے کھیلیں گے؟



not to be republished

## ★ سرگرمی 4.4 گھومتی ہوئی کاغذی گڑیا




### سامان

- ایک پتلی چھڑی یا جھاڑو کی تیلی
- اے 5 سائز کا کاغذ (اے 4 کا آدھا) سادہ/ رنگین
- گوند
- قلم / اسکیچ پین
- رنگ بھرنے کے لیے کریونز یا پینٹس (اختیاری)

ایک گھومتی ہوئی گڑیا بنا کر اس کے ساتھ کھیلنے کے لیے ہدایت پر عمل کریں۔


**مرحلہ 1:** اپنے کاغذ پر مطلوبہ سائز کی شکلیں بنائیں۔ آپ چاہیں تو انھیں بڑا بھی بنا سکتے ہیں۔

**مرحلہ 2:** اگر آپ سادہ کاغذ استعمال کر رہے ہیں تو شکلوں میں رنگ بھریں۔


**مرحلہ 3:** شکلوں کو کاٹ لیں۔ اب ہر شکل سے جسم کے مختلف حصے بنائیں۔

© NCERT not to be republished


**مرحلہ 4:** سر تیار کرنے کے لیے چھوٹے مستطیل کو رول کر کے ایک مخروط بنائیں۔ کنارے کو چپکا دیں۔ آنکھیں، ناک، منہ اور چہرے کے دوسرے حصّے بنائیں۔



**مرحلہ 5:** دھڑ بنانے کے لیے بڑے مستطیل کو رول کر کے ایک سلنڈر بنائیں۔ کناروں کو چپکا دیں۔




**مرحلہ 6:** لباس بنانے کے لیے ان مراحل پر عمل کریں۔ لباس کے ساتھ ساتھ بازوؤں اور ٹانگوں کی پوزیشن میں بھی تخلیقی انداز اپنائیں تاکہ آپ کی ہر گڑیا دوسری گڑیوں سے مختلف نظر آئے۔





© NCERT not to be republished


**مرحلہ 7:** گڑیا کو ایک لکڑی سے جوڑیں۔




ہر پیر کے ایک سرے کو لکڑی کے ساتھ لپیٹیں اور اسے گوند سے چپکا دیں۔



لباس کو پیروں کے اوپر رکھیں۔ اسے سجائیں۔



بازوؤں کو دھڑ پر گوند سے چپکا دیں۔ کندھوں، کہنیوں اور کلائیوں پر تہیں بنائیں۔



سر کو اوپر رکھیں۔ اسے سجائیں۔

**اب گڑیا کو گھمائیں اور اس کے ساتھ کھیلیں!**

© NCERT not to be republished

| طلبا | استاد | آموزشی ماحصل | لیاقتیں | سی.جی |
|---|---|---|---|---|
| | | جائزہ—باب 4 : حرکت میں لوگ | | |
| | | بنیادی شکلوں کا استعمال کرتے ہوئے انسانی جسم کو مختلف انداز اور حرکات میں پیش کرنا۔ | سی -1.1 | 1 |
| | | کاغذ سے سہ جہتی (3D) شکلیں بنانا۔ (جیسے مخروط، سلنڈر وغیرہ) | سی -2.1 | 2 |
| | | کاغذی گڑیا بنانے کے لیے ہدایات کی ترتیب پر عمل کرنا۔ | سی -3.2 | 3 |
| | | کلاس میں مجموعی طور پر شرکت | | |

طالب علم کے اوصاف کے بارے میں استاد کے تاثرات ____________________

____________________

طالب علم کی کمیوں کے بارے میں استاد کے تاثرات ____________________

____________________

کوئی اور مشاہدہ ____________________

____________________

© NCERT not to be republished

## تکمیلی جائزہ

| | سرگرمی برائے جائزہ (مثال) | جائزہ کے لیے معیار |
|---|---|---|
| انفرادی | اپنے تخیل سے ایک تصویر بنائیں جو اندرونی یا بیرونی منظر کو دکھاتی ہو اور اس میں ان میں سے کوئی دو عناصر شامل ہوں:<br>• کسی عمل میں مصروف لوگ یا جانور<br>• اشیا<br>• پودے اور درخت | • مختلف قسم کی لکیروں، شکلوں، حالتوں، رنگوں، نمونوں اور بناوٹوں کا استعمال کرنا۔<br>• مناسب سامان، آلات کا انتخاب کرنا اور ان کا استعمال کرنا۔ |
| ٹولی | اپنے کلاس کا ایک حصہ منتخب کریں جسے آپ سجا سکیں اور تخلیقی انداز میں اپنے آرٹ ورک کی نمائش کر سکیں۔<br>• کسی ایک موضوع کے بارے میں سوچیں۔<br>• سجاوٹ اور پیش کش کے لیے مختلف قسم کے سامان استعمال کریں۔ | • باہمی تعاون سے کام کرنا اور ہم جماعتوں کے ساتھ تبادلہ خیال کرنا۔ |

© NCERT not to be republished